# تعلیم تک رسائی

## مہمان خانے کے عملے اور پناہ گزین والدین کے لیے معلومات



## یونان میں سرکاری سکولوں میں رسائی پناہ گزینوں کو یونان میں رہنے کا پابند نہیں کرتی۔

پناہ گزین بچے جتنے عرصے تک یونان میں رہیں تعلیم دستیاب ہے اور ان کے لیے فائدہ مند ہے، اور یہ ان کو استحکام اور باقاعدگی مہیا کرتی ہے۔مزید برآں ان کو یونان سے روانگی پر تعلیمی سرٹیفیکیٹ مہیا کیا جائیگا۔

عام طور پر سکولوں میں پناہ گزین بچوں کے داخلوں کی حمایت حتیٰ کہ ضروری دستاویزات کی عدم موجودگی کے باوجود، وزارت تعلیم کی ذمہ داری کے تابع ہے۔ ملاحظہ کریں
http://www.minedu.gov.gr/eidiseis/22034-04-07-16-gia-tin-eggrafi-allodapon-mathiton-me-ellipi-dikaiologitika-stin-defterovathmia-ekpaidefsi

وہ والدین جن کے پاس تمام متعلقہ دستاویزات نہیں ہیں، اس کے باوجود ان کو اپنے بچوں کو سکول میں ضرور داخل کرانا چاہیے اور وزارت تعلیم کی طرف سے ان کی کوششوں کی تائید کی جائے گی۔

تمام پناہ گزین بچوں کو صبح کے وقت چلنے والی استقبالیہ کلاسوں میں ڈالنے کیلئے ،والدین سکولوں کے پرنسپلوں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ وزارت تعلیم جلد ہی سارے یونان کے ہر علاقے کے لئے منتخب اسکولوں میں استقبالیہ کلاسوں کا اعلان کرے گی۔

## 4 بچے تعلیم تک رسائی کب تک حاصل کرسکیں گے؟

شام کی استقبالیہ کلاسوں کیلئے داخلہ مرحلہ وار 10 اکتوبر کے بعد شروع ہو جائیگا۔ والدین کیلئے مزید درست معلومات کا اعلان جلد ہی وزارت کی طرف سے کیا جائیگا۔

شہری مراکز کے مختلف علاقوں میں رہنے والے بچوں کی لیے صبح کی کلاسوں میں داخلہ اس وقت کھلا ہے۔وزارت جلد ہی استقبالیہ کلاسوں کی میزبانی کرنے والے سکولوں کا اعلان کرے گی۔

مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی مندرجہ ذیل لنک ملاحظہ کریں:
http://www.minedu.gov.gr/ekpaideusi/refug-educ
اور مندرجہ ذیل ای میل اڈریس
info-refugees-education@minedu.gov.gr پررابطہ کریں۔
جو عملہ مہمان خانے میں کام کرتا ہے ،اگر اس کو سوالات یا والدین اور پناہ گزین بچوں کے ساتھ رابطے میں مدد کی ضرورت ہے تو وہ یونانی کارکنوں کی جماعت برائے تعلیم کیساتھ مندرنہ ذیل لنک پر
eswg.greece@gmail.com

رابطہ کر سکتا ہے۔آپ کے تعاون کا بہت شکریہ!

نومبر 2016

PRINTED BY:
unicef


HELLENIC REPUBLIC
Ministry of Education, Research and Religious Affairs

Picture Credit: © UNICEF/Ergen/2015

1

# کون مستحق ہے؟

## یونان میں تمام بچوں کو بلاامتیاز سکول میں تعلیم تک رسائی کا حق حاصل ہے۔





سکول میں بچوں کو اسباق لینے کے لیے واحد شرط حفاظتی ٹیکے لگوانا ہے، جس کی ذمہ داری وزارت صحت کے زمرے میں آتی ہے۔

وزارت، پروگرام کے پہلے مرحلے میں 5سے15 سال کے بچے جن کی عمر لازمی تعلیم نرسری سے مڈل حاصل کرنے کی ہے ،کی تعلیم تک رسائی مہیا کرنے پر مرکوز ہے۔

سب سے پہلے وزارت کی منصوبہ بندی کا ہدف تخمینہ شدہ 18000 پناہ گزین بچوں اور تارکین وطن کا لازمی سکول (جانا) ہے (یونان میں کل طالب علموں کی آبادی کا 1.4 ٪)۔ وزارت کے مطابق، یونانی تعلیمی نظام میں تمام پناہ گزین بچوں کی میزبانی کے لئے دو اختیارات ہیں، پہلا کھلے عارضی مہمان خانے میں رہنے والے بچوں کے لیے ہے ، اور دوسرا ان بچوں کی لیے ہے جو مختلف علاقوں کے شہری مراکز میں رہتے ہیں،جیسا کے دوبارہ آبادکاری کے پروگرام ،قبضےوالی جگہوں میں ،کمروں میں،ہوٹلوں میں رہنے والے مہمان اور پناہ کے درخواست گزار اور تنہا بچوں کے لیے استقبالیہ مراکز ۔


### مختلف علاقوں کے شہری مراکز میں رہنے والے بچے



**4 سے5 سال کے**
بچوں کے لیے سرکاری نرسریوں(سکولوں) میں داخلہ ممکن ہو گا۔

**6 سے 15 سال کے**
بچے جو مختلف علاقوں کے شہری مراکز میں رہ رہے ہیں،وہ اپنی رہائش کے قریبی سکولوں میں صبح کی کلاسوں میں داخلہ لے کر تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔سکولوں کا تعین فی الحال وزارت کر رہی ہے تاکہ بچوں کی تقسیم کے منتخب سکولوں کے ساتھ پناہ گزین بچوں اور تارکین وطن کے لیے استقبالیہ کلاسوں میں بھی توازن برقرار رہے،جہاں پر یونانی زبان دوسری زبان کے طور پڑھائی جاتی ہے۔

### جو بچے کھلے عارضی مہمان خانے میں رہ رہے ہیں:



**4 سے 5 سال تک کے بچوں کو***
ان نرسریوں میں تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہو گا جو کہ عارضی مہمان خانوں کے اندر بنائی جائیں گی۔

**6سے 15 سال کے بچوں کو***
شام کی استقبالیہ کلاسوں میں داخلہ دیا جائیگاجو کہ وزارت کی طرف سے مقرر کردہ ہمسایہ سرکاری سکولوں میں 14:00 سے18:00بجے تک چلیں گی۔وہاں پر یونانی زبان دوسری زبان کے طور پر، انگریزی زبان،ریاضی، کھیل،فنون اور کمپیوٹر سکھائے جائیں گے۔

ہجرت کے لیے بین الاقوامی تنظیم(آئی ۔او ۔ایم) پناہ گزین بچوں کی نقل و حرکت کو کھلے عارضی مہمان خانوں سے منتخب سکولوں تک بسوں میں موجود آئی۔او۔ایم کے نگہبانوں کے ذریعے یقینی بنائے گی۔

4 سے 5 سال تک کے بچوں کو | 6سے 15 سال کے بچوں کو

* یونانی اسکول کے نظام اور نئے وزارتی فیصلے کے مطابق
** یونانی اسکول کے نظام اور نئے وزارتی فیصلے کے مطابق

2

# تعلیمی نصاب کی منصوبہ بندی کون کرتا ہے؟

صرف وزارت تعلیم، تحقیق اور مذہبی امور کے پاس منصوبہ بندی اور سرکاری تعلیمی نصاب کے نفاذ کا اختیار ہے۔

اقوام متحدہ کی تنظیمیں ،دیگر بین الاقوامی تنظیمیں اور این جی او تعلیمی پالیسی کے ادارہ سے ضروری تصدیق کے ساتھ غیررسمی تعلیمی پروگرام کو لاگو کرنے کے قابل ہوں گے۔سکول جانے کی لازمی عمر کے بچوں کیلئے ان تعلیمی کورسز کو صرف ان دنوں اور اوقات میں ترتیب دیا جا سکے گا جو کہ رسمی تعلیم کے پروگرام کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتے۔ مندرجہ بالا مقصد کے لئے،15 سال اور اس سے زیادہ عمر اور بالغوں کیلئے سرکاری سکولوں کی سہولیات(عمارتوں) کو بھی ضروری اجازت نامہ حاصل کرنے کے بعد تعلیمی سرگرمیوں کو منظم کرنے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

وزارت تعلیم ،بچوں کو مادری زبان میں اسباق کی فراہمی اور منصوبہ بندی کیلئے،تعلیم بالغاں کی فراہمی اور ، کھلے عارضی مہمان خانوں اور پناہ گزینوں کیلئے تعلیمی سہولیات میں " ثقافتی ثالثوں " کی تعداد میں اضا فے کیلئے اقوام متحدہ کی تنظیموں اور دیگر بین الاقوامی تنظیموں اور غیر سرکاری تنظیموں پر انحصار کرے گی۔

3

# داخلے کا طریقہ کیا ہے؟

### جو بچے کھلے عارضی مہمان خانوں میں نہیں لیکن شہری مراکز کے مختلف علاقوں میں رہ رہے ہیں(مختلف تحفظ کی حیثیت کے اندر) کیلئے طریقہ کار مندرجہ ذیل ہے:

والدین کو ان کی رہائش گاہ کے قریب واقع سکولوں میں اپنے بچوں کو داخل کرانا چاہیئے۔

مطلوبہ دستاویزات میں طالب علم کے پناہ کے کارڈ کی فوٹوکاپی، ڈاکٹری بک، ابتدائی ملک سے تعلیمی سرٹیفکیٹ،وغیرہ شامل ہیں۔

عام طور رہائش گاہ کا تصدیق نامہ درکار ہے جیسا کہ مثال کے طور پر اگر شخص منظم مہمان خانے میں رہتا ہے تو رہائش گاہ کا پتہ ، یا کرائے کے کمرے ، گھر کا ،معاہدہ / رسید۔

پناہ گزینوں کی صورت میں ،ناکافی ثبوتوں والے پناہ کے درخواست گزاروں اور دیگر بے گھر افراد کو قبول کیا جائے گا۔سکولوں کے پرنسپل اس کیفیت سےآگاہ ہیں اور وہ ضروری مدد اور حمایت فراہم کریں گے۔

کلاسوں میں شرکت کیلئے طالبعلم کو ماہراطفال سے ڈاکٹری بک کے ساتھ ضروری حفاظتی ٹیکول کا ثبوت بھی ضرور مہیا کرنا ہو گا۔حتیٰ کہ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، ناکافی ثبوت قبول کیے جائیں گےاور اس کے ساتھ سکولوں کے پرنسپل مدد فراہم کریں گے۔

ابتدائی ملک میں پہلےوالے سکول کی تعلیم کے ثبوت قابل قبول ہیں لیکن نامکمل دستاویزات کی صورت میں سکولوں کے پرنسپل اوپر بتائے گے طریقے پر عمل کریں گے۔

### کھلے عارضی مہمان خانے میں رہنے والے بچوں کیلئے مندرجہ ذیل طریقہ کار ہے:

ہر ایک مہمان خانے میں ،پناہ گزینوں کے تعلیمی رابطہ کار والدین کو ان کے بچوں کے متعلقہ تعلیم والے سکول کے بارے آگاہ کریں گے اور اس کے ساتھ مہمان خانے سے آنے اور جانے کیلئے نقل و حرکت کے بارے میں تفصیلات بھی دیں گے۔

پناہ گزینوں کے تعلیمی رابطہ کار ، والدین سے ان کے بچوں کیلئے ، ہجرت کیلئے بین ا لاقوامی تنظیم(آئی۔او۔ایم)کی طرف سے مہیا کردہ بسوں کے ذریعے نقل و حرکت اور منتخب نگہبانوں کیلئے،تحریری رضامندی مانگیں گے۔

پناہ گزینوں کے تعلیمی رابطہ کاروں کا ہر ذمہ دارمہمان خانے میں سب بچوں کے داخلے کیلئے تمام لازمی دستاویزات (جیسے پناہ کا کارڈ، ڈاکٹری بک ، ابتدائی ملک سے تعلیمی سرٹیفکیٹ، نقل و حمل کی رضامندی، وغیرہ) اکٹھی کرے گا ۔

پناہ گزینوں کے تعلیمی رابطہ کار مندرجہ بالا تمام دستاویزات ہر سکول میں بچوں کے داخلے کےلئے ذمہ دار شخص کے حوالے کریں گے.